وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ مشرق لاہور

جمعۃ المبارک 5 شعبان المعظم 1445ھ 16 فروری 2024ء 5 پھاگن 2080ب

لاہور: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی ریجنل آفس میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

شکایت کنندگان کو ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے: وفاقی محتسب

افسران دفتر آنے والے سائلین کے ساتھ ہمدردی اور شفقت سے پیش آئیں

اعجاز احمد قریشی کا ریجنل آفس کا دورہ، دفتر کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ

لاہور (اپنے رپورٹر سے) وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان اعجاز احمد قریشی نے ریجنل آفس لاہور کا دورہ کیا جس میں ریجنل ہیڈ عبدالحمید رازی سمیت دیگر اعلیٰ افسران سے ملاقات کی۔ ریجنل ہیڈ نے وفاقی محتسب کو دفتر کی کارکردگی کے بارے میں بریفنگ دی۔ وفاقی محتسب نے ریجنل آفس لاہور کی کارکردگی کو سراہا۔ وفاقی محتسب نے اس بات پر زور دیا کہ شکایت کنندگان کو قانون کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے ہر ممکن ریلیف فراہم کیا جائے۔ دفتر میں آنے والے سائلین کے ساتھ ہمدردی اور شفقت سے پیش آئیں۔ وفاقی محتسب نے فیصلوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ تمام ادارے وفاقی محتسب کے فیصلوں پر دیئے گئے وقت کے اندر عملدرآمد کریں تاکہ عوام کے مسائل کا ازالہ ممکن ہوسکے۔

ڈیرہ اسماعیل خان اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

روزنامہ

dailypashtoonmillat@gmail.com

12

پشتون ملت

ڈیرہ اسماعیل خان

چیف ایگزیکٹو: وزیر خان زکوڑی

ABC CERTIFIE

قیمت 20 روپے

ایڈیٹر: اجمل خان زکوڑی

جلد نمبر 12 | جمعہ 16 فروری 2024ء 05 شعبان 1445ھ، صفحات 4 | شمارہ نمبر 80

وفاقی محتسب کا ایکشن درخواست گزار خاتون کو اس کا حق دلا دیا گیا

ڈیرہ اسماعیل خان وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کو ایک خاتون نے درخواست دائر کی تھی

سائلہ کو فیسکو واپڈا فیصل آباد والیڈ بل پنشن کیا ضافہ جات کی مد میں 2018 سے بقایا جات ادا نہیں کر رہے

جبکہ سائلہ نے بار بار درخواستیں دیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بالاخر مجبور ہو کر وفاقی محتسب کا دروازہ کھٹکھٹایا

سائلہ کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ کے ریجنل انچارج سنگ مرجان خان محسود نے فوری انکوائری کا آغاز کر دیا

ڈیرہ اسماعیل خان (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کا ایکشن درخواست گزار خاتون کو اس کا حق دلا دیا۔ ڈیرہ اسماعیل خان وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کو ایک خاتون نے درخواست دائر کی تھی سائلہ کو فیسکو واپڈا فیصل آباد والیڈ بل پنشن کیا ضافہ جات کی مد میں 2018 سے بقایا جات ادا نہیں کر رہے جبکہ سائلہ نے بار بار درخواستیں دیں مگر کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ بالاخر مجبور ہو کر وفاقی محتسب کا دروازہ کھٹکھٹایا۔ سائلہ کی درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کے ریجنل انچارج سنگ مرجان خان محسود نے فوری انکوائری کا آغاز کر دیا اور فیسکو واپڈا فیصل آباد کے آفسران کو دفتر طلب کر کے کیس کی تفصیلات حاصل کیں۔ جس کی روشنی میں فیسکو واپڈا فیصل آباد آفس نیخاتون کو بقایا جات کی مد میں 5 لاکھ 98 ہزار روپے سائلہ کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کر دیئے۔ جس پر سائلہ نے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی، ریجنل انچارج سنگ مرجان محسود اور ان کے دفتر والوں کا شکریہ ادا کیا اور بتایا کہ اس کا پنشن کے بقایا جات کا کیس تقریبا 6 سال سے زیر التوا تھا۔ جبکہ وفاقی محتسب کے آفس میں شکایت کرنے سے تقریبا تیس دن میں میری دادرسی ہوئی اور میرا حق مجھے مل گیا اور وفاقی محتسب ادارے کو بہت سی دعائیں دیں۔ وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کے انچارج سنگ مرجان محسود نے مزید کہا کے ہمارا ادارہ اعجاز احمد قریشی محتسب اعلی کی سربراہی میں سستے اور فوری انصاف کے حصول کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔